Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَعَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۳

یومیہ اتوار

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۳۵ | ۲۵ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ | یکم تبلیغ ۱۳۶۰ ہش | یکم فروری ۱۹۸۱ء | نمبر ۲۵

غانا کے جلسہ سالانہ میں چالیس ہزار احمدیوں کی شرکت

غانا کے صدر کے پیغام میں جماعت احمدیہ کی خدمات کو شاندار خراج تحسین

- تین وزراء اور متعدد پیرامائونٹ چیفس کا خطاب
- ٹیلی ویژن اور اخبارات میں وسیع پیمانے پر اشاعت

غانا کے امیر و مشنری انچارج مکرم عبد الوہاب بن آدم صاحب نے بذریعہ تار اطلاع بھجوائی ہے کہ محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت ہائے احمدیہ غانا کے ۵۵ ویں جلسہ سالانہ میں ۴۰ ہزار سے زائد فرزندانِ احمدیت نے شرکت کی الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ یہ تین روزہ جلسہ سالانہ ۱۰ جنوری ۱۹۸۱ء کو خیر و خوبی سے اختتام پذیر ہوا۔ جلسہ سالانہ کے موقعہ پر غانا کے صدر محترم ڈاکٹر ہلا لیمان صاحب نے خصوصی پیغام بھجوایا جو کہ پڑھ کر سنایا گیا۔ اس پیغام میں صدر صاحب نے جماعت احمدیہ کی خدمات کو سنہری الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اور بڑے فخر سے اس دن کو یاد کیا۔ جس روز انہوں نے حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ سے حالیہ دورۂ غانا کے دوران ملاقات کی تھی۔ اور حضور ایدہ اللہ سے نہایت کامیاب بات چیت کی تھی۔ اس کے علاوہ حکومت کے تین وزرائے مملکت اور نمایاں پیرامائونٹ چیفس نے جلسے سے خطاب کیا۔ ان احباب نے تعلیم اور صحت کے میدانوں میں جماعت احمدیہ کی بھرپور خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ جلسہ سالانہ ۱۹۸۰ء میں شرکت کے لئے غانا سے جو وفد گیا تھا وہ واپس آچکا تھا۔ انہوں نے بھی جلسہ میں تقاریر کیں۔ اور ربوہ کے جلسہ سالانہ کے ایمان افروز واقعات سنائے۔ اس موقعہ پر احباب جماعت نے مالی قربانی کا عدیم النظیر مظاہرہ کیا۔ اور جلسہ کے موقعہ پر تین لاکھ ساٹھ ہزار سیڈی (غانا کا سکہ) رقم اکٹھی ہوگئی یہ رقم پچھلے سال کے جلسہ پر جمع ہونے والی رقم سے قریباً ۵۰ فیصد زائد ہے۔ الحمد للہ۔

تار میں بتایا گیا ہے کہ اس جلسہ سالانہ کی اشاعت پریس ریڈیو اور ٹیلیویژن پر وسیع پیمانے پر کی گئی۔

تار کے آخر میں امیر صاحب غانا نے احباب سے درخواست کی ہے کہ جماعت غانا کی ترقیات کے لئے دعا فرمائیں۔

ساتواں سالانہ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ سنہ ۱۹۸۱ء

خیل لمرحمان کلب ربوہ کے زیر اہتمام ساتواں سالانہ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ انشاء اللہ العزیز بتاریخ ۱۳-۱۴-۱۵ مارچ (بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار) ربوہ میں منعقد ہوگا۔ جس میں نیزہ بازی انفرادی و اجتماعی دوڑ۔ کراس کنٹری ریس دلکی اور شتری چال، نمائش کے علاوہ اونچی چھلانگ کے مقابلے ہونگے۔

جملہ احمدی گھوڑ سواران سے درخواست ہے کہ وہ اس ٹورنامنٹ کو ہر طرح سے کامیاب بنانے اور اس میں حصہ لینے کے لئے ابھی سے پورے جوش و خروش سے تیاری شروع کر دیں اور امراء صاحبان مربیانِ کرام و قائدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع کے گھوڑے اس ٹورنامنٹ میں شامل کریں۔

محمد اسلم شاد منگلا۔ صدر سالانہ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ کمیٹی

اخبار احمدیہ

- ربوہ ۲۹ جنوری/صلح۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آج صبح نو بجے چند یوم کے لئے ربوہ سے باہر تشریف لے گئے ہیں۔ حضور ایدہ اللہ نے اس دوران میں ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کو امیر مقامی مقرر فرمایا ہے۔

حضور کی صحت کے بارے میں محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

حضرت اقدس کو ضعف کی تکلیف ہے۔

احباب کرام التزام کے ساتھ دعائیں جاری رکھیں کہ بر شان مطلق خدا ہمارے محبوب آقا کو صحت و سلامتی سے رکھے۔ اور اپنے فرشتوں کی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

- حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہ العالی کی صحت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت و عافیت سے رکھے اور آپ کو لمبی بابرکت عمر عطا کرے آمین۔

تجاویز شوریٰ کی آخری تاریخ ۲۰ فروری ہے

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ کی منظوری سے احباب کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حسب قاعدہ، عام اجلاس میں پیش ہو کر مجلس شوریٰ ۱۳۶۰ ہش / ۱۹۸۱ء کے لئے تجاویز سیکرٹری مجلس مشاورت کے پاس پہنچنے کی آخری تاریخ ۲۰ فروری مقرر کی گئی ہے۔ اس تاریخ تک جملہ تجاویز پہنچ جانی چاہئیں۔

اس کے علاوہ نمائندگان کے اسماء گرامی دفتر میں پہنچنے کی آخری تاریخ ۱۵ امان / مارچ مقرر کی گئی ہے۔

(سیکرٹری مجلس مشاورت)

نمایاں کامیابی

محترم مناف کھودراں ابن کرامت حسین صاحب مرحوم آف ماریشس نے سندھ میڈیکل کالج میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ جبکہ آئی سیکشن میں بھی انہوں نے امتیازی پوزیشن حاصل کی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کامیابی کو آئندہ کی کامیابیوں کے لئے پیش خیمہ بنائے۔ آمین

ظہور الٰہی مہران یونیورسٹی نوابشاہ

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبد الحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

وقفِ جدید کے چوبیسویں سال کا آغاز

ہمیں جماعتوں کی تعداد کے مطابق واقفین کی ضرورت ہے اس لئے ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچے کو اس تحریک میں بھی وقف کرے

وقفِ جدید کے گزشتہ سال کے مجموعی بجٹ میں ایک لاکھ روپے کی زیادتی ہے لیکن دفتر اطفال میں ۶½ ہزار روپے کی کمی ہے

ہمارا ہر قدم درست اٹھنا چاہئے اور ہر پہلو سے ہمیں آگے بڑھنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ جماعت کو اسکی توفیق عطا کرے

از سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۲ صلح ۱۳۶۰ ہش مطابق ۲ جنوری ۱۹۸۱ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

مرتبہ مکرم یوسف سلیم صاحب شاہد ایم۔ اے انچارج شعبہ زود نویسی ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۂ فاتحہ کے بعد حضور نے یہ آیہ کریمہ تلاوت فرمائی:

وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ (لقمان آیت ۱۳)

پھر فرمایا:-

اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس کی ذات کی طرف تو ساری حمد رجوع کرتی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ وہ اس بات کا محتاج نہیں کہ اس کے بندے اس کا شکر ادا کریں۔ بندے اس بات کے محتاج ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کی نعمتیں پائیں تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔ اگر اللہ تعالیٰ کے بندے اللہ تعالیٰ کی جس قدر نعمتیں ہوں اسی قدر اس کا شکر ادا کرتے چلے جائیں

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ

تو اس شخص یا اس جماعت کے فائدہ ہی کے لئے ہے، اللہ تعالیٰ کو اس کی ضرورت نہیں۔

شکر زبان سے بھی ہے اس کی حمد بہت کرنی چاہیئے۔

شکر کا ایک جذبہ

بھی ہے جو انسان کے دل اور اس کے دماغ میں پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت اس کی کیفیت ایک ایسے شخص کی ہوتی ہے کہ جس پر اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں کے نتیجہ میں سوائے حمد کے اس کے وجود میں کچھ باقی نہیں رہتا۔

ہمارا جلسہ آیا اور گزر گیا۔ پہلے جلسہ سے زیادہ شان میں آیا۔ زیادہ برکتیں لے کر آیا۔ کثرتِ نفوس سے آیا۔ زیادہ تعداد میں شامل ہونے والے آئے اس میں۔ دلوں کی کیفیت زیادہ بدلنے والے آثار لے کر آیا۔ سننے والوں نے سنا۔ محسوس کرنے والوں نے محسوس کیا۔ اور بہتوں نے جو ہم میں شامل نہیں ابھی یا شامل نہیں تھے، اس سے فائدہ اٹھایا

اللہ تعالیٰ کی اس آیت میں جو ہدایت ہے اس کی روشنی میں ہمیں پہلے سے زیادہ اس کے شکر گزار بندے بن کر اپنی زندگی گزارنی چاہیئے۔ اس لئے کہ آنے والا جلسہ جانے والے جلسہ کے مقابلہ میں زیادہ برکات لے کر آئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل زیادہ ہوں، زیادہ تعداد میں دوست اس میں شریک ہوں۔ انتظام پہلے سے بھی بہتر ہو۔ دکھوں کو پہلے سے زیادہ دور کرنے والا ہو۔ دنیا پر احسان کی زیادہ تدابیر سوچی جائیں۔ اس کے لئے زیادہ تربیت کی جاسکے۔ اور صرف آنے والا جلسہ ہی نہیں۔ خدا کرے کہ ہماری زندگی کا ہر آنیوالا دن پہلے دن سے

اللہ تعالیٰ کی برکات

سے زیادہ معمور ہو اور ہر آنے والے دن میں ہمارا دل اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر میں پہلے سے زیادہ بھرا ہوا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں ہر روز اعمالِ مقبول، اعمالِ مشکور کی توفیق عطا کرے اور اللہ تعالیٰ دنیا پر رحم کرے اور جس عذاب اور ہلاکت کی طرف آج کی دنیا بڑھتی چلی جا رہی ہے اس کے بچاؤ کے اس کے لئے سامان پیدا کرے۔

یکم جنوری سے وقفِ جدید کا سال شروع ہوتا ہے اور جو کل یکم تھی اس سال کی ہجری شمسی کے لحاظ سے ۱۳۶۰ سال ہے۔ اور وقفِ جدید کا جو نیا سال شروع ہے وہ چوبیسواں (۲۴) سال ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ان چوبیس سالوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقفِ جدید نے آہستہ آہستہ اور بتدریج ترقی کی طرف قدم بڑھایا ہے۔

وقفِ جدید کی اصل ذمہ واری تو یہ ہے کہ جگہ جگہ پر ہمارے واقفینِ وقفِ جدید بیٹھیں اور جماعت کی تربیت کریں، نئے داخل ہونے والوں کی بھی اور نئے شعور اور بلوغت کو پہنچنے والوں کی بھی۔ جلسہ سالانہ کے موقع پر بھی میں نے جماعت سے کہا تھا کہ اگر ہر جماعت میں ایک واقفِ وقفِ جدید ہم نے بٹھانا ہے تو جتنی جماعتیں ہیں اُس تعداد میں ہمارے پاس واقفین ہونے چاہئیں اور چونکہ یہ واقفین آٹے کے بنا کر یا موم کے بنا کر بھیجے نہیں جاسکتے۔ بہرحال انسان ہوں گے۔ اس واسطے

انسان کا فرض

ہے کہ وہ اپنے بچّے کو اس تحریک میں بھی وقف کرے۔ اور اگرچہ تعلیم کا معیار اس کے لئے کم ہے۔ آٹھویں جماعت کا بھی بعض دفعہ لے لیتے ہیں اگر ہوشیار ہو اور دسویں جماعت غالباً شرط ہے ان کی (اس وقت میرے ذہن میں نہیں) لیکن تعلیم کا معیار جو کم ہے اس سے یہ مطلب لینا درست نہیں کہ ذہانت کا معیار بھی کم ہے۔ اس سے یہ مطلب لینا درست نہیں کہ اخلاص اور ایثار کا معیار بھی کم ہے۔ ہمارے بہت سے واقفینِ وقفِ جدید ایسے بھی ہیں جو بعض شاہدین سے زیادہ اخلاص اور جوش اور جذبہ اور ایثار کے ساتھ کام کرنے والے ہیں۔ ہمیں تو ہر شخص، ہمیں تو ہر احمدی "ایک واقف" چاہیئے یعنی اپنے کاموں کی، دنیوی کاموں کی ذمہ واریاں بھی نباہ رہا ہو اور اپنی اخروی زندگی کی ذمہ واریاں بھی اس سے زیادہ جوش اور جذبہ کے ساتھ نباہنے والا ہو۔

ایک تحریک میں نے کی تھی کہ ایسے واقفین ہوں جو اپنے گاؤں سے آویں اور چند ہفتوں کا نصاب اُن سے کروایا جائے اور وہ واپس جا کے اُس معیار پر لیڈر بنیں، قیادت سنبھالیں، اپنے اپنے معیار پر قیادت سنبھالنی ہوتی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ جماعت نے اس طرف توجہ نہیں کی اور

مجھے افسوس ہے

کہ یہاں سے جو نصاب ختم کر کے گئے، اُن میں سے بہت نے اپنی ذمہ واریوں کو نہیں سمجھا۔ اس طرف بھی توجہ دینی چاہیئے یہ بھی وقفِ جدید کا ہی حصہ ہے۔

چونکہ وقفِ جدید زیادہ تر توجہ تربیت کی طرف دیتی ہے اس لئے ایک خاص قسم کی کتب یہ شائع کرتے ہیں۔ چونکہ ان کے واقفین سندھ کی جماعتوں میں بھی بیٹھے ہیں اس لئے وہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں سندھی زبان میں بھی کتب مہیا کی جائیں چنانچہ بعض کتب سندھی زبان میں بھی وقفِ جدید کی طرف سے شائع ہوئیں۔ بعض واقفینِ وقفِ جدید صوبۂ سرحد میں بھی کام کر رہے ہیں۔ اُن کا مطالبہ ہے کہ ہمیں پشتو زبان میں کتب دی جائیں۔ اس کی طرف بھی انہوں نے توجہ دی ہے۔ ابھی ابتداء ہے اور کچھ کتب تیار ہو کے شائع ہو چکی ہیں پشتو زبان میں بھی۔

فارسی کی طرف بھی ہمیں زیادہ توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ بعض لوگوں کی رویاء سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان علاقوں میں سے جن علاقوں میں پشتو اور فارسی بولی جاتی ہے۔

فارسی بولنے والے علاقوں میں

احمدیت جلد پھیلے گی۔ خدا کرے کہ جو تعبیر ہمارے ذہن میں آئی ہے وہ پوری ہو اور جس وقت اُن میں احمدیت پھیلے گی تو فارسی کتب کا وہ مطالبہ کریں گے۔ اس کے لئے جماعت کو ابھی سے تیاری کرنی چاہیئے مگر یہ کام وقفِ جدید کا اتنا نہیں جتنا جماعت کا ہے۔ جماعتِ احمدیہ کو بحیثیتِ جماعت یہ ذمہ واری سنبھالنی چاہیئے۔ اب تو یہ حال ہے کہ چونکہ ضرورت شدید نہیں تھی اس واسطے توجہ بھی نہیں کی گئی۔ حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ احمدیہ کی اپنی بہت سی فارسی کی کتب ہیں جن کی اشاعت کی طرف توجہ نہیں کی گئی۔ منظوم کلام ہے۔ اس کی اشاعت کی طرف توجہ نہیں کی گئی۔ پہل میں کر رہا ہوں منظوم کلام سے۔ اللہ تعالیٰ جزاء دے شیخ محمد احمد صاحب مظہر کو۔ اُن کے سپرد میں نے کام کیا تھا۔ (وہ بڑے اچھے فارسی دان ہیں) کہ جو پہلی درثمین فارسی شائع ہوئی ہے اُس میں کتابت کی اور اعراب کی بہت سی غلطیاں ہیں۔ انہیں میں نے کہا کہ مجھے لکھ کے دیں۔ صحیح اور حسبِ ضرورت اعراب کے ساتھ۔ یہ میرے سفر سے پہلے کی بات ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا تھا جلسے تک میں یہ کام ختم کر دوں گا۔ انہوں نے وہ مسودہ تیار کر کے مجھے دے دیا ہے۔ اب اس کی کتابت اور

طباعت کا کام

ہے۔ اللہ تعالیٰ وہ بھی کر دے گا۔ میں چاہتا ہوں کہ حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ احمدیہ کی کتب کا جہاں تک تعلق ہے بہترین کتابت ہو اُن کی اور بہترین طباعت ہو اُن کی اور بہترین کاغذ استعمال کیا جائے۔ ایک نہایت اچھی شکل میں دُنیا کے ہاتھ میں یہ روحانی خزانہ دیا جائے کیونکہ جو شان ہے اس کلام کی، نظم ہو یا نثر، اُسی کے مطابق اس کو لباس پہنانا چاہیئے۔ یہ نہیں کہ اگر ہم میں سے کوئی کتاب لکھے تو وہ تو پسند کرے کہ جو اُس نے لکھا ہے وہ بہترین ہو لیکن حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ احمدیہ کی کتب کے ساتھ ایسا سلوک نہ کیا جائے۔ ایک وقت میں یہ بیماری لندن میں بھی پیدا ہوئی اور مجھے انہیں سمجھانا پڑا۔ میں نے کہا، کوئی کتاب لندن مشن نہیں شائع کرے گا حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ احمدیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کتب کے علاوہ جس کی اشاعت اور جس کا GET UP حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کی کتب سے اچھا ہو۔ بہترین شکل میں، بہترین کاغذ پر، بہترین مطبع سے، بہترین پبلشنگ ہاؤس سے، حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کی کتب شائع ہونی چاہئیں۔ چنانچہ وہاں سے اس وقت تک

صد سالہ جوبلی کے خرچ پر

تین کتب شائع ہو چکی ہیں۔ ایک تو ESSENCE OF ISLAM کی سیریز میں پہلی کتاب حضرت اقدس بانی سلسلہ احمدیہ کے اقتباسات چار مضامین پر۔ اللہ جل شانہ اور اسلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن عظیم۔ یہ کوئی تین سو اٹھائیس صفحے کی کتاب بن گئی۔

ESSENCE OF ISLAM VOL: II اس کی دوسری جلد اس وقت ہاتھ میں ہے۔ یہ بھی انگریزی ترجمہ ہے۔ دنیا میں بڑی کثرت سے انگریزی بولی جاتی ہے۔ اس میں بعض دوسرے مضامین ہیں اور اس کے بعد ESSENCE OF ISLAM VOL III اور VOLUME IV (جلد سوم و چہارم) کا مسودہ تیار ہے۔ انشاء اللہ آگے پیچھے وہ آجائیں گی۔ اس کے علاوہ فرانسیسی بولنے والوں کے لئے ہمارے پاس لٹریچر نہیں تھا۔ دنیا میں ایک وقت میں تو (چین اور روس کو چھوڑ کے) سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانیں دو تھیں۔ یا انگریز کی زبان انگریزی۔ کیونکہ انہوں نے بہت زیادہ COLONISATION (کالونائزیشن) کی اور یا فرانسیسی جو اس کے بعد نمبر ۲ پر آئی۔ پھر سپینش اور پرتگیز کیونکہ ساؤتھ امریکا میں وہ آباد ہوئے اور ہالینڈ کی زبان۔ اس لئے کہ یہ بھی ایک وقت میں COLONIAL POWER (کالونیل پاور) بنے۔ اپنی زبان دنیا کے بعض حصوں میں انہوں نے رائج کی۔

ہالینڈ کی زبان میں

قرآن کریم کا ترجمہ بھی ہے۔ بعض دوسری کتب بھی ہیں۔ فرانسیسی میں ابھی تک نہ قرآن کریم کا ترجمہ تھا، نہ کوئی اور لٹریچر تھا۔ چھوٹے چھوٹے رسالے بہت سارے شائع ہوتے رہتے ہیں ضرورت کے مطابق لیکن پہلی دفعہ INTRODUCTION TO THE HOLY QURAN (دیباچہ قرآن جو حضرت مصلح موعود کا لکھا ہوا ہے) یہ بذاتِ خود ایک مستقل کتاب کی حیثیت بھی رکھتا ہے کیونکہ اس میں دو مضمون لمبے اور تفصیلی ہیں۔ ایک تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور دوسرے اسلام اور عیسائیت کا موازنہ۔ اس کے علاوہ اور مضامین بھی ہیں۔ یہ بھی کوئی تین سو تیس ۳۳۰ چالیس ۴۰ صفحے کی ہے یہ بھی چھپ چکی صد سالہ جوبلی کے انتظام کے ماتحت۔ ہمیں اس کی اس لئے خاص طور پر ضرورت پڑی کہ ایک تو ساری دنیا میں

اسلامی تعلیم

پھیلانے کے لئے فرانسیسی کو بھی بیچ میں لانا ضروری تھا۔ کیونکہ بڑی کثرت سے بولی جانے والی، سمجھی جانے والی زبان ہے۔ دوسرے اس لئے ضرورت پڑ گئی کہ افریقہ کے بہت سے ممالک کی زبان فرانسیسی ہے۔ جہاں یہ حاکم رہے ہیں۔ مثلاً نیگیر (NIGER) ہے جس کو یہاں نائیجر کہتے ہیں۔ اس میں وفد ملنے آیا تھا میں نے کہا میں شاگرد بنتا ہوں تو بتاؤ کہ تمہارے ملک کا

PRONUNCIATION

کیا ہے۔ کیونکہ کوئی اس کو نائیجر کہتا ہے کوئی نائیگر کہتا ہے۔ انہوں نے کہا نہ نائیگر، نہ نائیجر۔ ہم اپنے ملک میں اپنے ملک کا نام جو بولتے ہیں اس کی (SOUND) آواز ہے نیگیر۔ وہاں ہمارا مشن نہیں۔ لیکن

نائیجیریا کی سرحدوں پر

ہے۔ وہ لوگ نائیجیریا میں آتے ہیں۔ وہاں ان کو تبلیغ ہوئی اور وہاں جماعت قائم ہو گئی اور ہمارا ایک نوجوان معلم وہاں کام کرتا رہا کچھ عرصہ وہ مزید تعلیم کے لئے اسی جلسے پر یہاں آگیا ہے۔ مخلص ہے، ذہین ہے بظاہر۔ اس کے لئے بھی دعا کریں۔ کچھ فرانسیسی تھوڑی سی جانتا ہے۔ زیادہ نہیں۔ میرا خیال تھا کہ اس کو پوری طرح فرانسیسی کا ماہر بنایا جائے۔ نیز علومِ قرآنی کا بھی ایک حد تک اس کو علم سکھایا جائے یہاں۔ تاکہ وہ ان علاقوں میں کام کر سکے۔ کیونکہ وہاں جماعت قائم ہو گئی ہے یا شاید ایک سے زیادہ جماعتیں۔

ٹوگو لینڈ فرانسیسی بولتا ہے۔ وہاں جماعتیں قائم ہو گئیں۔ "بینن" ایک ملک کا نام ہے۔ وہاں جماعتیں قائم ہو گئیں۔ سینیگال فرانسیسی بولتا ہے۔ بہت بڑا ملک ہے۔ بیچ میں گھسا ہوا ہے اس میں ہمارا گیمبیا جس کو بانجول کہتے ہیں۔ اب بانجول اندر گھسا ہوا ہے۔ اس کے بیچ میں سے رستہ نکلتا ہے جو آر پار جاتا ہے ملانے کے لئے ان کے دو علاقوں کو۔ اس حصہ میں بھی جماعتیں قائم ہو گئی ہیں۔ وہ فرانسیسی بولنے والے ہیں۔ اس لئے

فرانسیسی لٹریچر

کی بہت ضرورت تھی۔ اس ضرورت کو ایک حد تک (INTRODUCTION TO THE HOLY QURAN) دیباچہ فرانسیسی انشاء اللہ پوری کرے گا۔ اس میں سے پمفلٹ بھی بہت سارے مضامین پر نکالے جا سکتے ہیں۔ علیحدہ شائع کرنے کے لئے دو دو صفحے کے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہے۔ اسلام کی خوبیاں ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ بیچ میں بات آگئی میں وقف جدید جو لٹریچر شائع کر رہی ہے اس کے متعلق بات کر رہا تھا۔

میری یہ خواہش ہے

اور آپ کی بھی ہونی چاہیئے۔ کیونکہ خلیفۂ وقت اور جماعت ایک ہی وجود کے دو نام ہیں۔ کہ دس سال کے اندر اندر یعنی قبل اس کے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ی زندگی کی دوسری صدی شروع ہو ہم قرآن کریم کا فرانسیسی ترجمہ شائع کر سکیں۔ ترجمہ ہو چکا ہے
Revision) نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ وہ ہو رہی ہے Italian زبان میں
یہ حضرت مصلح موعود نے کروا کے مسودہ رکھا ہوا تھا لیکن Revision نہیں ہو سکی
وقت۔ اور Revision دو وجہ سے ضروری ہے ایک یہ کہ آج سے

چالیس پچاس سال پہلے

کی زبان میں جو ترجمہ ہوا ہے۔ زبان بھی کچھ بدل گئی ہے۔ محاورات بھی بدل گئے
Revise ہونا چاہیئے زبان کے لحاظ سے۔ دوسرے یہ کہ جو ترجمہ کسی غیر مسلم غیر احمدی
نے کیا ہے اس کو شائع کرنے کی ذمہ داری نہیں لی جا سکتی جب تک ہمارا آدمی
نہ دیکھے کہ مضمون کے لحاظ سے کوئی غلط بات تو نہیں آگئی۔ اس کے لئے بھی ہم
کوشش کر رہے ہیں کہ زبانیں ہمارے شاہدین سیکھیں۔ فرانسیسی جاننے والے
تو ہمارے شاہدین پیدا ہو گئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم اچھی زبان میں لکھ نہیں
سکتے لیکن یہ ہم معلوم کر سکتے ہیں کہ جو ترجمہ ہوا ہے اس میں مضمون کے لحاظ
سے غلطی تو نہیں۔ میرا خیال ہے کہ فرانسیسی ترجمہ ان تراجم میں سب سے پہلے
آجائے گا۔ اٹالین زبان میں آجائے گا۔ پھر پورچوگیز زبان میں آجائے گا۔
رشین زبان میں بھی Translation ہے۔ جس کی Revision ہونے والی
ہے اس کے لئے انتظام میں کر رہا ہوں۔ میرے دل میں اللہ تعالےٰ نے یہ شدید
تڑپ پیدا کی ہے کہ دس سال کے اندر اندر ہم فرانسیسی اور اٹالین اور سپینش
زبان میں اور رشین زبان میں اور چائنیز زبان میں قرآن کریم کے ترجمے
شائع کر دیں۔ اگر ہم ایسا کر سکیں تو دنیا کی آبادی کے قریباً اسی فیصد سے
زیادہ لوگوں کو ہم قرآن کریم ان کی زبان میں دے سکتے ہیں۔ تو

دوست دعا کریں

کہ اللہ تعالےٰ نے جو خواہش پیدا کی ہے، اس کے پورے کرنے کے بھی سامان
پیدا کرے۔

وقفِ جدید کو اپنے کام چلانے کے لئے پیسوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے
اور دوست اس طرف توجہ بھی کرتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ انہیں جزاء دے۔ ان
کی رپورٹ کے مطابق ۱۹۷۹ء میں قریباً ۹۹ ہزار کی بیشی ہے۔ لیکن جو دفتر اطفال
کہلاتا ہے یعنی چھوٹے بچوں کا رجسٹر بنے تو تعداد میں بڑھ گئے خدا کے فضل
سے۔ لیکن ان کی جو آمد ہے۔ اس میں ۶،۵۷۵/- کی کمی ہے یہ تو درست
ہے کہ بعض بچے اپنی عمر کے لحاظ سے بالغان کے گروہ میں شامل ہو گئے اور
ان کی وجہ سے بھی کچھ زیادتی ہوئی ہو گی۔ لیکن یہ درست نہیں کہ کوئی
بچہ، اطفال کے گروہ میں شامل نہیں ہوا۔ صرف نکلے ہیں اور اس وجہ سے پیچھے رہ
گئے۔ اس واسطے اس طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ جماعت اس طرف توجہ
کرے۔ مجموعی طور پر تو قریباً کم و بیش ایک لاکھ کی زیادتی ہے۔ لیکن جو آدمی
دوڑ رہا ہو اس کا ہر قدم درست اٹھنا چاہیئے۔ ہر پہلو سے

ہمیں آگے بڑھنا چاہیئے

اللہ تعالےٰ اس کی جماعت کو توفیق عطا کرے۔

ابھی جلسے کی کوفت دور نہیں ہوئی۔ دعا کریں اللہ تعالےٰ صحت
دے۔ کام کے لحاظ سے جلسے کے بعد بھی دو تین ہفتے (بعض دفعہ اس سے
بھی زیادہ) کام معمول سے زیادہ کام میں وقت گزرتا ہے۔ کچھ دوست
بڑے ہوتے ہیں۔ ملاقات کے لئے پھر جلسے کے دنوں میں بعض کام میں
نہیں کر سکتا۔ مثلاً ڈاک میں نے نہیں دیکھی دس بارہ دن کی۔ جس کا
مطلب ہے کہ کم از کم آٹھ دس ہزار خط ہو گا جو میں اگلے ایک ہفتہ میں
دیکھوں گا۔ ہر روز خط آتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ توفیق بھی دیتا رہتا
ہے۔ میں نہ کام سے گھبراتا ہوں نہ ڈرتا ہوں کہ نہیں ختم ہو گا۔ کرتا ہوں
ختم جس طرح بھی ہو۔ لیکن یہ مجھے پتہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے فضل کے بغیر
میں اس قدر کام نہیں کر سکتا۔ اور یہ بھی میں جانتا ہوں کہ خدا تعالےٰ
کے فضل کو صرف دعا کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس حقیقت
پر بھی میں قائم ہوں کہ خلیفۂ وقت کے ساتھ ساری جماعت کی دعائیں
شامل ہونی چاہئیں۔ تب کام ہو سکتا ہے۔ اس لئے میں نے یہ بات
کی ہے کہ دعا کریں اللہ تعالےٰ صحت سے کام کرنے کی زیادہ سے زیادہ توفیق دیتا
چلا جائے۔

دعائے مغفرت

میرے چھوٹے بھائی مکرم ڈاکٹر رشید احمد صاحب ولد مکرم حکیم محمد شفیع صاحب
مرحوم حمیدیہ دواخانہ فیصل آباد مورخہ ۱۴ جنوری رات تقریباً نو بجے اپنے مولائے
حقیقی سے جا ملے۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

مرحوم تقریباً چھ ماہ امریکہ کے ہسپتال میں زیر علاج رہے۔ معمولی افاقہ
ہونے کی صورت میں ۱۵ دسمبر ۸۰ء کو اپنے بچوں کے پاس پاکستان چلے آئے۔
اور تقریباً ایک ماہ کے بعد اچانک زیادہ تکلیف ہو گئی جس کی وجہ سے لاہور لے
جانا پڑا۔ لیکن لاہور کے ڈاکٹر صاحبان کا علاج بھی کارگر ثابت نہ ہوا اور یوں اس
جہان فانی سے رحلت فرما گئے۔

مرحوم نے فوت ہونے سے کچھ دیر قبل اپنے تمام بچوں کو باری باری بلایا اور
سب کو پیار کیا اور نصیحت کی کہ میں ایسے سفر پر جا رہا ہوں جہاں سے کبھی واپس
نہ آؤں گا۔ آپ لوگ محنت کریں اور پڑھ لکھ کر میرا نام روشن کریں اور اپنی بیوہ
کو نصیحت کی کہ میرے بچوں کی نیک تربیت کرنے کی پوری کوشش کریں اور صبر کے
ساتھ وقت گذاریں۔

مرحوم نے اپنے پیچھے ایک بیوہ دو لڑکے اور چار لڑکیاں چھوڑے ہیں۔ مرحوم
پنج وقتہ نماز کے پابند، ہر سال باقاعدگی سے روزے رکھنے کے پابند۔ چندوں
کی باقاعدہ ادائیگی کرتے اور صدقہ و خیرات بھی کثرت سے کرتے رہتے تھے۔ اگر
ان کی دکان پر کوئی غریب مریض آ جاتا تو اس سے کوئی پیسہ نہ لیتے اور اس
کا مفت علاج کرتے۔

مرحوم کی نماز جنازہ محترم مرزا طاہر احمد صاحب نے پڑھائی اور چونکہ مرحوم
موصی تھے اس لئے ان کی تدفین مقبرہ بہشتی میں ہوئی۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے۔ اور
انہیں اپنے قرب خاص میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کی بیوہ، بچوں اور
دیگر پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور بچوں کو مرحوم کے نقش قدم پر چلتے
ہوئے نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(سردار النساء بیگم اہلیہ مکرم چوہدری محمد سعید صاحب مکان نمبر ۳۴/۲
نزد مسجد سلام فیکٹری ایریا ربوہ)

ٹوتھلین * پائیوریا کورس * پیور ٹوتھ پوڈر * شفائے اٹھرا -/۳۰ روپے * اولاد نرینہ کورس -/۳۰
شدید دانت درد کا فوری علاج * مسوڑھوں سے خون اور پیپ روکنے کے لئے * دانتوں کو موتیوں کی طرح صاف کرے
لگانے کی دوا -/۳ کھانے کی دوا -/۷ مجرب دوا -/۱۵ اور کیڑے سے بچانے کیلئے -/۴
شفا ہومیو میڈیکل اسٹورز اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ
ملنے کا پتہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل
میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں۔ (مینجر الفضل)

روپیہ کو ہمیشہ گردش میں رکھیئے
ہمارے کسی بھی نفع بخش پراجیکٹ میں
محفوظ سرمایہ کاری کیجئے
الحمرا اسٹیٹس لمیٹڈ
۶۹۹ اے سٹیلا ٹاؤن سرگودھا
۶۷ سی نیو مسلم ٹاؤن لاہور
فون نمبر ۳۸۲۲ فون نمبر ۸۵۴۶۱۶

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
ھو الناصر
کراچی میں
معیاری سونا کے معیاری زیورات خریدنے
اور
بنوانے کیلئے تشریف لائیں
الرؤف جیولرز
۱۶۔ خورشید کلاتھ مارکیٹ حیدری شمالی ناظم آباد
کراچی فون: ۶۱۷۰۶۹

اطفال و ناصرات!

آپ کے لئے سالانہ مقابلۂ مضمون نویسی کا عنوان "سیرت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ" ہے جس میں اوّل دوم اور سوم انعامات -/۲۰۰، -/۱۵۰، -/۱۰۰ مقرر ہیں۔

شرائط درج ذیل ہیں۔

(۱) مضمون دو سے اڑھائی ہزار الفاظ پر مشتمل ہو۔

(۲) پتہ اور حوالے مکمل اور صاف لکھیں۔

(۳) مضمون ناظم صاحب اطفال یا سیکرٹری صاحبہ ناصرات کی تصدیق سے ۱۵ جون ۸۱ء تک مرکز میں پہنچ جانا چاہیئے۔

آپ ابھی سے اس کے لئے تیاری شروع کر دیں اور اپنا مضمون جلد از جلد مندرجہ ذیل پتہ پر بھجوا دیں۔

(سیکرٹری اشاعت مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

درخواست دعا

محترم آغا محمد عبداللہ صاحب آجکل کراچی میں بیمار ہیں۔ آپ کو کانوں سے پہلے ہی کم سنائی دیتا تھا۔ آجکل دونوں کان میں تکلیف ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کامل و عاجل صحت عطا فرمائے آمین۔

(راجہ سعید احمد جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ حلقہ سعود آباد کراچی)

مطالعہ کتب

خدام ماہ جنوری میں کتاب شمائل احمد اور ماہ فروری میں کتاب سیرت حضرت اقدس کے باقی سلسلہ وار کا مطالعہ کریں۔ یہ کتب مرکز سے مل سکتی ہیں۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

اعلان نکاح

میرے بیٹے عزیزم کیپٹن راشد احمد سلمہ کا نکاح عزیزہ مدیحہ بنت چوہدری محمد امین صاحب محلہ دارالصدر جنوبی ربوہ کے ساتھ حضرت امام جماعت احمدیہ کے ارشاد کے مطابق مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۹۸۰ء بعد نماز ظہر مسجد مبارک ربوہ میں بعوض ۲۱ ہزار روپے حق مہر پر پڑھایا اور دعا فرمائی۔ تمام بہنوں اور بھائیوں سے درخواست ہے کہ وہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے بابرکت ثابت کرے آمین

(انیسہ شریف بیگم کرنل ریٹائرڈ ایس۔ ایم شریف صاحب کراچی)

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور مرض اٹھرا کے شکار دکھی عورتوں کیلئے
۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام ھو الشافی دواخانہ حکیم نظام جان
حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون ۲۳۹۹۷
ربوہ کا پتہ: مکان نمبر ۳۲۱ نزد ناصر کنڈر گارٹن سکول ربوہ دواخانہ حکیم نظام جان دوائی اور مشورہ کے لئے یہاں تشریف لاویں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دیانت و امانت
میں منفرد ادارہ

علی اسٹیٹس
فون ۶۶۴۲

پراپرٹی ڈیلرز

• سکنی و زرعی زمین
• مکانات اور کوٹھیوں کی
خرید و فروخت کیلئے ہمیں خدمت کا موقع دیں

آپ کا خادم شیخ عبدالخالق
کالج روڈ - چوک اقصیٰ ربوہ

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ کیلئے

فرحت علی جیولرز
کمرشل بلڈنگ
شاہراہ قائداعظم
لاہور
فون نمبر ۲۶۲۳

ہر قسم کا سامان سائنس و اجی زخوں پر خریدنے کے لیے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور
فون ۶۴۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیے!

دو!
تدبیر ہے اور
دعا
اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے
ہمدردانہ مشورہ اور قابل اعتماد
اصول علاج کیلئے
مطب
ناصر دواخانہ گول بازار ربوہ
فون نمبر ۵۳۴

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار۔ کیل۔ چیل۔ پڑنگ کے لیے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں

سٹار ٹمبر سٹور
۵۳ - فیروزپور روڈ ـــــ بالمقابل تھانہ اچھرہ ـــــ لاہور
فون نمبر ـــ ۴۱۰۶۱۷

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ اور گتہ
بار عایت خریدنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں
مقبول پیپر مارٹ گنپت روڈ لاہور فون نمبر ۶۳۱۰۴۹
گھر:- ملک عبداللطیف ستکوہی فون نمبر ۶۲۵۱۶

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں
اور
پٹوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس
اور سلنسر پائپ کے لیے ہماری خدمات سے
فائدہ اٹھائیں

میاں بھائی آٹو سٹور
۱۰ - منٹگمری روڈ لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۶۳

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز

نیو پاک جیولرز
۱۱۱ - فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور فون ۴۱۰۹۷۴ (ایئرکنڈیشنڈ)
۱۲ - ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ایئرکنڈیشنڈ)
پروپرائٹر: **میاں عظیم قادر اینڈ سنز**

اکسیر اپھارہ
شفتل اور برسیم کے اپھارہ کیلئے
فی پیکٹ [illegible] روپے
گرمی [illegible] روپے بونس علاوہ
حیوانات کی ادویات کا
لٹریچر مفت
کیوریٹو میڈیسن کمپنی (ڈاکٹرز ہومیو) رجسٹرڈ
پاکستان
کراچی لاہور ہیڈ آفس ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ لاہور
(گورنمنٹ کرنسی [illegible])
فون نمبر ۶۸۱۲۶ / ۵۳۴۲۰ - رہائش ۶۲۹۳۳ فیکٹری رچنا ٹاؤن ۶۲۰۳۶۲
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں۔
پر تشریف لائیں

ٹویوٹا
گاڑی کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات ہول سیل پر
الفرقان موٹر اسٹور سے حاصل کریں
۳۸ - تبت سنٹر - بندر روڈ - کراچی
فون نمبر ۷۴۶۰۹

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴
آپ کو معلوم ہو کہ ہمارے دواخانہ
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
ہو چکا ہے
زیر نگرانی
حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند
حضرت حکیم نظام جان رح
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز
کا فائدہ اب
ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ حکیم نظام جان رجسٹرڈ
چوک گھنٹہ گھر رجسٹرڈ
کراچی ۹۲۹/ صادق روڈ

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تانو کے لگائے جاتے ہیں ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کیے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنے یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے

شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ

نظر اور دھوپ کی عینکوں کیلئے نصیر آپٹیکل سروس فون: ۴۴۴۴

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کئی سال سے آپکی بے لوث خدمت کرنے والا

واحد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

• سکنی و زرعی اراضی
• مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت
کے لئے آپکی خدمت کا متمنی

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر ۵۳

ہر قسم کنٹرولڈ ریٹ پر اور جار عائیت
بہتر تشخیص ـــ مناسب علاج

کریم میڈیکل ہال

گول امین پور بازار فیصل آباد

قادیان کا قدیمی

محبوب کاجل

جو حضرت خلیفۃ المسیح اول رضؓ کے نسخہ کے مطابق تیار کیا جاتا ہے۔

عبد القادر ابن ماسٹر مامول خاں صاحب گولبازار ربوہ
سٹاکسٹ: مشاہد شیپنگ سنٹر بالمقابل
سب تحصیل اقصیٰ روڈ۔ گولبازار ربوہ

مشہور کاجل

نظر اور آنکھوں کی خوبصورتی
مشہور دواخانہ ... ربوہ

مسلسل محنت پوری کوشش اور آپ کے شاندار تعاون کے ساتھ ترقی کی طرف گامزن

فرنٹیئر میڈیسن کمپنی

تھوک انگریزی ادویات فروش
نزد سٹی بس سٹاپ سرگودھا

دفتر و دکان: 151 بلاک نمبر 9 شاہین روڈ سرگودھا
سٹاکسٹ فائزر لیبارٹریز۔ وائیتھ لینڈبرز فروبیکم کمپنی

ہمارا حلیم مزاج عملہ آپکی خدمت مناسب بلکہ کم از کم Rates پر کرنے کے لیے ہر وقت موجود رہتا ہے۔
پروپرائٹر۔ ایم۔ اشرف چوہدری سرگودھا فون ۲۰۵۸

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
آپکا قابل اعتماد ادارہ

فضل عمر پراپرٹی ڈیلرز

نزد ریلوے پھاٹک ربوہ
فون دفتر ۶۴۰ فون رہائش ۵۴۰

بشیر انجینئرنگ اینڈ سٹریز لمیٹڈ
ایسوسی ایٹس آف

میسرز بشیر اینڈ کمپنی

ایکسپورٹرز اینڈ امپورٹرز

(گورنمنٹ کے منظور شدہ ٹھیکیدار۔ برائے ملٹری۔ ریلوے۔ ٹیلیگراف ٹیلیفون۔ واپڈا اور دوسرے شعبہ جات)

لوہے کے جستی تار، نیز کاسٹ آئرن کے گھریلو استعمال کے
سیوریج پائپ اور لوہے کی ہر قسم کی چادروں کیلئے ہمیں خدمت کا موقعہ دیں

ہیڈ آفس: حمید منزل ۸۹ انارکلی لاہور فون نمبر ۵۲۷۸۳ - ۴۱۳۳۲۲

شاخیں ـــ دفتر لوہا مارکیٹ، لاہور ـــ فون نمبر ۵۶۰۲۳
دفتر کے ایم سی، ۷۷ گارڈن مارکیٹ لارنس روڈ کراچی ـــ فون نمبر ۷۸۵۶۴
فیکٹری ـــ ۲۲ کلومیٹر (لاہور شیخوپورہ روڈ) لاہور